RASHTRIYA SAHARA, PAGE - 07, DATE - 04-08-2013

الیکٹرانک ڈسٹری بیوشن کمپنی کی جانب سے اجتماعی افطار

سیاسی، سماجی اور دیگر شعبہ کے لوگوں کی شرکت

بھاگلپور (ایس این بی)

ایکٹریک ڈسٹری بیوشن کمپنی پرائیویٹ لمیٹیڈ کی جانب سے دعوت افطار کا اہتمام کیا گیا ۔جس میں شہر کے دانشور طبقہ کے علاوہ بھاگل پور کے میئر ڈپو بھوانیا، ڈپٹی میئر پرتی شیکھر، امن کرن ، جماعت اسلامی ہند کے علاقائی وحلقہ وار نمائندگان میں مولانا فاروق ندوی، بھاگل پور شہری حلقہ کے پارشد اور ان کے نمائندگان کے علاوہ سماجی تنظیم کے عہدیداران وکارکنان نے شرکت کی۔اس موقع پر کمپنی کے ڈائریکٹر امان اللہ، سی پی اورانی چوبے، امیت رنجن کے علاوہ کمپنی کے افسران وکارکنان نے آنے والے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔افطار کے بعد ٹریننگ کالج کے مغربی جانب نماز ادا کی گئی ۔اس موقع پر سی پی ایم ایل کے ڈائریکٹر امان اللہ خان نے دعوت میں شریک لوگوں کو کمپنی کے بارے میں جانکاریاں دی ۔ اور کہ اکہ ہماری کمپنی نے شہر میں بجلی سپلائی کے قدم رکھا ہے۔اور ہم صارفین کی بہتر خدمات کے لئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم لوگوں سے رابطہ کرر ہے ہیں اور رائے بھی لے رہے ہیں۔